Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روزِ دوشنبہ بتاریخ یکم شوال سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۲ء	نمبر ۲۲

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مورخہ ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

مولوی مشیت احمد ... متعلقہ کام کے ڈیوڑھی ہمایوں کی خدمات کی بجا آوری کریں اور اس خدمت کا الاؤنس ... بتعداد پچاس روپیہ ماہوار برآمد ڈیوڑھی ہمایوں سے ... ہو کر ملا کرے گا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱	تنخواہ الاؤنس مولوی مشیت احمد صاحب	۱
۲	تعیین تنخواہ محمد عنایت معرفت اللہ صاحب نگران کوٹھیات	۲
۳	واسطہ اختیارات بندوبست بسید محمود الحسن صاحب مہتمم بندوبست	۳
ضمیمہ	نقشہ حیات ممات	۴

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۸ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

محمد عنایت اللہ خان نگران کوٹھیات کے احکام تقرر پیشتر جاری ہو چکے ہیں مگر تنخواہ کا تعین ہنوز نہیں ہوا ہے انکی تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار الاونس سواری پچیس روپیہ ماہوار جملہ اسی روپیہ ماہوار مقرر کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ حسب صراحت بالا جاری ہوں۔

نقل روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

صاحب مہتمم بندوبست کی رپورٹ ۳ مئی سنہ ۱۹۲۲ء پر جو عرضداشت جو اجلاس ہذا اجلاس ہمایون میں ارسال ہوئی اوس پر بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم نے ۶ مئی سنہ ۱۹۲۲ء کو حسب دفعہ ۵۹ و ۶۰ - ایکٹ (۳) سنہ ۱۹۰۱ء قانون مالگذاری اختیارات بندوبست سید مجتبیٰ حسن صاحب مہتمم بندوبست کو دیا جانا منظور فرمایا ہے مضامین اشتہارات ہمرشتہ اور آنکا اجرا بھی منظور فرمایا گیا ہے چونکہ (۱۲) مواضعات کی میعاد بندوبست بابت سال ۱۳۳۱ فصلی میں ختم ہوتی ہے جنکے لیئے آخر سنہ ۱۳۳۱ فصلی سے قبل جمع تشخیص شدہ کا سنایا جانا ضروری ہے تاکہ سنہ ۱۳۳۲ فصلی سے وہ جمع واجب الوصول ہو سکے

لہٰذا حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے

(۱) رقبہ زیر بندوبست کے متعلق اشتہار جسکا نمونہ ہمرشتہ منظور شدہ ہے جاری کیا جاوے یہ اشتہار طبع ہوکر صدر کے دفتر (ان) تحصیلات متعلقہ دیہات زیر بندوبست میں چسپان کیا جاوے تاکہ رقبہ زیر بندوبست کے زیر بندوبست لیئے جانیکا اعلان عام ہو جاوے۔ مجلد دیہات زیر بندوبست کی تفصیل اسمار تحصیل وار زیر مضمون اشتہار طبع ہونگے دیہات زیر اشتہار آئندہ بندی میعادی پندرہ یوم بھی جاری کیئے جائینگے جنکا نمونہ منظور شدہ ہمرشتہ ہے۔ یہ اشتہار بندوبست سے جاری کیا جائیگا۔

(۲) اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء سے حسب دفعہ ۶۰ - ایکٹ (۳) سنہ ۱۹۰۱ء قانون مالگذاری سید مجتبیٰ حسن صاحب مہتمم بندوبست کو اختیارات مہتمم بندوبست دیہات بندوبست طلب میں دے جاتے ہیں صاحب مہتمم بندوبست ایکٹ (۳) سنہ ۱۹۰۱ء کے موافق اُسی وقت تک ان اختیارات کو عمل میں لا سکینگے جبتک کہ رقبہ دیہات مذکور زیر بندوبست رہے اور بعد ازاں اختیارات کا جہاں منظوری کی ضرورت ہے بالتحتی و تابع منظوری اجلاس ہذا ہوگا۔ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء سے جانچ و ترمیم پیمائش کا کام شروع کیا جائیگا اوسکا نتیجہ معلوم ہو جانے کے بعد جو رپورٹ تفصیلی صاحب مہتمم بندوبست کی موصول ہوگی جسکے لیئے قبل ازیں احکام جاری ہو چکے ہیں اوس رپورٹ پر لحاظ ہوکر آئندہ کارروائی کے نسبت حکم مناسب دیا جائیگا۔ ایک نقل من روبکار کی مع مضمون اشتہار مکمل اعلان عام کیلئے درج گزٹ کیجاوے۔ ایک نقل مثل اجلاس میں رکھی جاوے اور ایک نقل قابل بک جلد تکمیل ہو اور اجرا اشتہار دفعہ ۵۹ کے کارروائی صدور سے ہونے کے بعد مثل ہذا بغرض بقیہ کارروائی صاحب مہتمم بندوبست کے پاس مرسلہ ہو اور لکھا جاوے کہ بسلسلہ ملا - روپیہ کی منظوری علی الحساب بتفصیل آئندہ رپورٹ کے موافق دیجاتی ہے اسکا باقاعدہ تخمینہ مکمل آنے کی ضرورت ہے۔

بحکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اشتہار

حسب دفعہ ۵۹ - ایکٹ (۳) سنہ ۱۹۰۱ء

دیہات علاقہ جدید ریاست رامپور کی میعاد بندوبست رواں جو سنہ ۱۳۳۱ فصلی تک بستی تھی قریب الختم ہے لہٰذا دیہات علاقہ جدید میں اجرا احکام بندوبست جسکا کیا جانا مناسب معلوم ہوتا ہے بذریعہ اشتہار ہذا بغرض اطلاع تمام مالکان زمینداران و کاشتکاران و مالکان اراضی معافیداران و شکمیداران و مرتہنان و دیگر اشخاص قابضان اراضی دیہات علاقہ جدید جاری کیا جاتا ہے کہ اشتہار ہذا کی تاریخ سے جسکا کام اشتہار ہوگی تاریخ تک بندوبست کی کارروائی ختم ہونیکا اعلان کیا جائیگا دیہات علاقہ جدید زیر بندوبست منظور شدہ بحکم ریونیو سکریٹری بہادر

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست ٹونک بابت ماہ اپریل ١٩٢٣ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زیادہ: عورت	تفصیل فوتی: میزان: مرد	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: تپ	تفصیل امراض: متفرق	تفصیل امراض: مار گزیدہ	تفصیل امراض: دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	تفصیل امراض: طاعون	از خانہ نمبر ١٩ لغایت خانہ نمبر ٢٥	کیفیت
١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	١١	١٢	١٣	١٤	١٥	١٦	١٧	١٨	١٩	٢٠	٢١	٢٢	٢٣	٢٤	٢٥	٢٦	٢٧
کوتوالی	١٢	٢	٧	٠	٢١	١٩	٢	١٥	١٠	٢	١	١٣	٢١	٣٠	٣٢	٤٩	١٣	٠	٢	٠	٦٠	٠	٠	٠	٦٢	
گنج	٦	١	٣	٠	١٠	٩	١	١١	٥	١	٠	٢٠	٩	٣٢	١٤	٤٢	٤	٠	١	٤٣	٢	٠	٠	٠	٦	
حوالی شہر	٠	٦	٠	٢	٨	٠	٨	١	١	١	٠	٤	٥	٦	٦	٣	٩	٠	٠	٠	١٢	٠	٠	٠	١٢	
عظیم نگر	١٣	١١	٧	٨	٣٩	٢٠	١٩	٣	١	٤	٥	٤	١	١١	٧	١١	٧	٠	٠	١٦	٢	٠	٠	٠	١٨	
شاہ آباد	١٣	٣١	٥	١٩	٦٨	١٨	٥٠	٥	٨	٣	٣	٤٦	٢٠	٥٤	٣١	٢٢	٦٣	٠	٠	٠	٨٥	٠	٠	٠	٨٥	
پچوائی	٤	١٢	١	٤	١٩	٣	١٦	١	١	٠	٠	١٨	١١	١٩	١٢	٧	٢٤	٠	٠	٠	٣١	٠	٠	٠	٣١	
ملک	٥	٥٥	٤	٣٦	١٠٠	٩	٩١	٦	٣	٣	١	٤٤	٢٩	٥٤	٣٣	٦	٧٩	٠	٠	٠	٨٥	٠	٠	٠	٨٥	
بلاسپور	٣	١	٢	٨	١٤	٥	٩	٣	٠	٣	٠	٥	٦	١٠	٦	٧	٩	١	٠	٠	١٦	٠	٠	٠	١٦	
کیمری	١٢	٣٥	٧	١٤	٦٧	١٨	٤٩	٥	٥	١٠	٤	٣٤	١٢	٤٩	٢١	١٩	٥١	١	٠	٠	٧٠	٠	٠	٠	٧٠	
سوار	٢٣	١٥	٢٧	١١	٧٦	٥٠	٢٦	٦	٧	٠	٢	١٠	١٥	١٦	٢٤	٢٧	١٣	١	٠	٠	٤٠	٠	٠	٠	٤٠	
ٹانڈہ	١٨	١٦	١٣	٥	٥٢	٣١	٢١	٣	٤	٤	٢	٢٧	١٥	٣٤	٢١	٣٩	١٦	٠	٠	٠	٥٤	١	٠	٠	٥٥	
میزان	١٠٦	١٨٥	٦٦	١١٢	٢٣٣	١٨٢	٢٩٣	٥٨	٥٣	٢٠	٢٠	٢٢٥	١٦٦	٣١٣	٢٠٠	٢٢٢	٢٨٠	٠	٣	٥٩	٢٥٤	١	٠	٠	٥٢٠	٠